# THE MODEL MONTHLY NEWSLETTER OF

## PESHAWAR MODEL GIRLS HIGH SCHOOL
## WARSAK ROAD CAMPUS / HAYATABAD CAMPUS
## PESHAWAR MODEL SCHOOL (Boys & Girls)
## G.T ROAD, CAMPUS

45 YEAR OF EXCELLENCE · EST-1979 · PAKISTAN

Hello September 2024


Editor Rabia Ajmal
Co-Editor Zubia Salahuddin
Qurat-ul-Ain Rizwan (O-III)
Warsak Campus





## EDITORIAL

A big hello to to all the dear readers. We have been desperately waiting to get into contact after a long summer break. Hope you all must be enjoying good health. On September 6th, a day cherished as 'Defense Day' in Pakistan, the nation commemorates one of its most pivotal historical events. It was on this day that the valiant armed forces of Pakistan fiercely defended their motherland against an Indian offense during the 1965 war. It is a tribute to the national armed forces and the martyrs of the war. The Pakistani armed forces personified the spirit of bravery and selfless sacrifice in defending the country's territorial boundaries. Thus, we pay homage to the valiant Shuhada who gave their precious lives in order to defend their country. In the hardest of times, living nations emerge stronger and more resilient. When the enemy threatened our survival in the 1965 war, the Pakistani people stood steadfast and resolute. To this date, every year on September 6th, Pakistan celebrates Defense Day to honour Pakistan's successful defense against India, which marked the end of the 1965 war.



**SYEDA ARISHA**
CAIE, MAY / JUN EXAMS RESULT 2024
HIGHEST ACHIEVERS
5 A* , 3 A's



**HUDA SETHI**
CAIE, MAY / JUN EXAMS RESULT 2024
HIGHEST ACHIEVERS
3 A* , 5 A's



**ASNA SYED**
CAIE, MAY / JUN EXAMS RESULT 2024
HIGHEST ACHIEVERS
4 A* , 3 A's



**SYEDA RUQAYYA**
CAIE, MAY / JUN EXAMS RESULT 2024
HIGHEST ACHIEVERS
3 A* , 5 A's

## OUR PHENOMENAL CAIE RESULT


Success is the sum of small efforts repeated. PMGHS ,Warsak Road Cambridge students have created the next road of achievement through their exceptional CAIE exam May / June, 2024 result, which again is being recorded in the golden books of this institution. Although, comparatively not that much old in imparting the Cambridge education but the only Cambridge school exclusively for girls since 2011 in Peshawar, we are proudly competing all the renowned schools of KP, Allahumdullilah. Our motto is commitment and positive approach. PMGHS, Warsak Road, (Cambridge Section)takes pride in announcing the celestial achievement of it's Cambridge students in CAIE, May / June, 2024 result by grabbing 56 A* and 119A's. School's focus on holistic development and academic excellence is truly reflecting in this marvellous result. Congrats to the management, faculty, parents and our hardworking students. Well Done and best of luck for the future.




## OUR DAZZLING MATRIC RESULT


Congratulations


"Work hard in Silence, Let your Success Make Noise "Peshawar Model Girl High School Warsak + Hayatabad Campus once again has accomplished result in SSC Board 2024 The promising percentages of the students proved that efforts never go in vain. No doubt, the bright success of our students earned pride and good name to our institution. The management extends its heart felt felicitations to our high achievers and their parents whose prolific efforts in academics led to profound Success. Our good wishes are with you. Stay steadfast in your journey and explore new horizons.
















PESHAWAR MODEL GIRLS HIGH SCHOOL
WARSAK ROAD CAMPUS / HAYATABAD CAMPUS
PESHAWAR MODEL SCHOOL (Boys & Girls)
G.T ROAD, CAMPUS

# THE MODEL

SEPTEMBER 2024

## BODY LANGUAGE



Body language is a silent orchestra, as people constantly give clues to what they are thinking or feeling.
People sometimes bite their lips when they are anxious or stressed.
Tightening lips might be an indicator of dictate, disapproval, or distrust.
A clenched fist can mean anger or solidarity.
If people cross their arms it can mean that the person is defensive, and self-protective

Fatima Gul (Pre O-level Pansy)
Warsak Road, Campus

## Unknown Facts About English

1) The most used letter in English is "e"
2) English is the most widespread Language.
3) It contains vocabulary from all Over the world.
4) It has largest vocabulary (500000) words.
5) An average native speaker uses (15-20 words).
6) Shakespeare used 30,000 words.
7) English is the second most- spoken language of the world.
8) The most common adjective use in english is" good"

Khadija Ahmad (VIII-J)
Hayatabad Campus

## History Of Google

Google was founded on 4th september 1998, by American computer scientists, Larry Page and Surgery Brain while they were PHD students at Stanford University in California. The word Google means "Global Organization" of Oriented Group language of Earth and it is able to deliver millions of results in 0.19 of a second.

Fiza Moeen (8th-S)
Warsak Road, Campus


## RIDDLE

1: People buy me to eat but never eat me
2: I shoot but never kill what am I?
3: I always run but never walk what am I?
4: What has teeth but can't bite
5: What has a neck but no head
6: I am white when I am dirty, and black when I am clean what am I?
7: I have single eye but I cannot see what am I?

Answers:
1: A plate 2: Camera 3: River 4: comb
5: Bottle 6: Black board. 7: Needle

Warda Akhunxudi (6th-R)
Hayatabad, Campus

## Review of the Novel "The Silent Patient"




The Silent Patient by Alex Michaelides is a psychological thriller filled with suspense and mystery. The story unfolds gradually, revealing layers of secrets and creating a tense, unsettling atmosphere. Its shifting perspectives keep readers curious, while the show build of clues makes it an engaging exploration of trauma and human minds. The eerie silence and unanswered questions create a haunting vibe that leaves readers captivated. I personally recommend you to read this masterpiece as well as other books authored by Alex Michaelides.

Ayana Kiani (O-level-1 Daisy)
Warsak Road, Campus

## MAKE FIREWORK IN WATER



You'll Need:
Water
2 Tablespoons of oil
2 drops of food coloring
1 clear fork
Steps to be taken:
1: Fill the glass almost to the top with room temperature water.
2: Pour oil into the other glass
3: Add food coloring to the glass with the oil
4: Stir the oil into the food coloring using a fork. Stop once you break the food coloring into smaller drops.
5: Pour the oil and coloring mixture into the glass.
6: Now watch! The food coloring will slowly sink in the glass, with each droplet expanding outwards as if falls. Look this fireworks!

How does it work?
Food Coloring dissolves in water, but not in oil. So when you pour in your food coloring oil mixture the oil will float at the top of the water because it is less dense and the food coloring began to dissolve once they sink through oil and into the water.

Spogmay (8th -C)
Warsak Road, Campus

## Weird Facts that not Everyone Knows About

1: Flamingos bend their legs at the ankle, not the knee
2: A sloth can hold his its breath longer than a dolphen can
3) Octopuses have 3 hearts
4) lobsters taste with their feet
5) Blue whales tongues can weigh as much as an elephant
6) The statue of liberty used to be a lighthouse
7) There are 5 countries in the world that don't have airports.
8) The last letter added to the alphabets was actually "J and not "Z.

Khadija Ayub (O-II Lily)
(Warsak Road Campus)

## IF YOU WANT

If you want to be the best
Then don't take rest
If you want to be the star
Then don't go on war.
If you want to get gold
Then make yourself bold.
If you want to run
Then leave the fun.
If you want to seek knowledge
Then first go to Peshawar Model School.

Natasha Khan (9th -D)
Warsak Road, Campus

## QUOTES

1) Silence is the best Answer to Someone, who Doesn't value your words
2) You don't decide your future, You decide Your habits and your habits decide your future.
3) Life is short. Time is fast. No replay, no rewind So, enjoy every moment as it comes.

Warda Akhunxadi (6th-R)
Hayatabad Campus

## SCRAMBLE WORDS

| | | |
|---|---|---|
| 1) | LSODI | Solid |
| 2) | AMOT | atom |
| 3) | CEISNEC | science |
| 4) | MABE | beam |
| 5) | RAKUQ | quark |
| 6) | LECEORIN | electron |
| 7) | ORTOPN | proton |
| 8) | PCEUORTN | computer |
| 9) | IUDLQT | liquid |
| 10) | NCESULU | nucleus |
| 11) | MENELTE | element |
| 12) | UOENRNT | neutron |
| 13) | GTNAME | magnet |
| 14) | EEXMPTNER | experiment |
| 15) | TRTAEM | matter |

Zoha Hayat (8th - A)
Warsak Road, Campus

## The World of Whales



Whales, the magnificent giants of the ocean, have unique adaptations for thriving in the sea. They are divided into toothed whales like dolphins, baleen whales such as humpback and whales Baleen Whales use baleen plates to filter tiny plankton, while toothed whales hunt fish & squid with their teeth. Whales exhibit complex social behaviors living in family pods & communicating through sounds like click & songs. Their streamlined bodies & powerful tails enable them to navigate the ocean depths. Whales are an important source of oil and salt as they take several years to decompose.

Zoha Zahid (Pre O-level Rose)
Warsak Road, Campus

## THE PROPHET (S.A.W) LIFE STYLE

| | |
|---|---|
| Walk: | Softly |
| Talk: | Humbly |
| Eat: | Sensibly |
| Breath: | Deeply |
| Sleep: | Sufficiently |
| Dress: | Properly |
| Interact: | Politely |
| Act: | Fearlessly |
| Work: | Patiently |
| Think: | Positively / Truthfully |
| Believe: | Correctly |
| Behave: | Decently |
| Learn: | Practically |
| Plan: | Orderly |
| Worship: | Regularly |
| Serve Parents: | Happily |
| Show Love: | Passionately |

Manahil Masood (9th-Z)
Warsak Road, Campus

All the articles in "The Model" are published for goodwill and general information. The institute may not be in conformity with anything stated or expressed.




# دی ماڈل

پشاور ماڈل گرلز ہائی سکول ورسک روڈ/حیات آباد کیمپس
پشاور ماڈل سکول (بوائز اینڈ گرلز) جی ٹی روڈ کیمپس کا ماہنامہ

مدیرہ: سدرۃ المنتہیٰ
معاون مدیرہ: عاصمہ بی بی (معلّمہ)
رمیقہ (دہم۔زیڈ)
ورسک کیمپس




## اداریـــــہ!

**السلام علیکم عزیز طلباء و طالبات!**

تعطیلات گرما کے بعد اسکول کی چار دیواری میں ایک بار پھر خوش آمدید!

اُمید ہے سکول سے غیر حاضری کا یہ طویل دورانیہ کافی خوش گوار یادوں کا منبع ثابت ہوا ہوگا اور آپ کام کے ساتھ ساتھ سیاحت سے بھی محظوظ ہوئے ہوں گے۔

جماعت نہم، دہم او لیول III، II کے نتائج آ چکے ہیں تمام طالبات کو شاندار کارکردگی پر دل کی گہرائیوں سے مبارک باد!

**عزیز طلباء و طالبات!**

مسلمانوں کو ایک نصب العین فراہم کرنے والی شخصیت جن کی حیات بے لوث محنت، کاوشوں اور خلوص کا مرقع تھی، ان کی خدمات کو جتنا سراہا جائے وہ کم ہے۔ **11** ستمبر کو ان کی برسی کے موقع پر اس عہد کی تجدید کریں کہ بحیثیت آزاد ملک کے شہری ہم اپنا کھویا ہوا وقار حاصل کر کے رہیں گے اور اپنی تدبیر کے ذریعے حالات کا رُخ پلٹ دیں گے۔

خیر اندیش
مدیرہ: سدرۃ المنتہیٰ

## تربیتی ورکشاپ برائے اساتذہ کرام، اگست 2024










پشاور ماڈل گرلز ہائی سکول ورسک روڈ کیمپس کی انتظامیہ کی جانب سے ورسک روڈ کیمپس، جی ٹی روڈ کیمپس اور حیات آباد کیمپس کے اساتذہ کرام کی پیشہ ورانہ صلاحیتوں میں اضافہ کرنے کے لیے تربیتی ورک شاپ کا اہتمام کیا گیا۔ تینوں شاخوں کے تدریسی عملے نے ورکشاپ میں شرکت کی تاکہ پیشہ ورانہ ماحول میں ایک دوسرے سے سیکھ کر اپنی مہارتوں کو جلا بخش سکیں۔ تربیتی ورکشاپ کے افتتاح کے پہلے روز ورسک روڈ اور جی ٹی روڈ کیمپس کی پرنسپل محترمہ **عمرانہ شاہین** نے تینوں شاخوں کے تدریسی عملے کو دوران تدریس مثبت رویے کی طرف راغب کرنے کے لیے پیشہ ورانہ تربیت اور اخلاقیات کے حوالے سے سیر حاصل بحث کی۔ اس کے بعد ورسک روڈ کیمپس کی سیکشن ہیڈ محترمہ نزہت افشاں نے پیشہ ورانہ ماحول میں کام کے دوران میں اخلاقیات کو پیش نظر رکھنے کی اہمیت و افادیت پر مزید بات کی۔

تربیتی ورکشاپ کے دوسرے روز، محترمہ سائرہ گل نے اساتذہ کرام کے ساتھ "بچوں کو اسلام کی بنیادی معلومات فراہم کرنے کی اہمیت پر زور دینے، بچوں کی دین سے بے رغبتی کی وجوہات، اس پر عمل نہ کرنے کے اثرات اور اس کے حل پر بات کی۔ تیسرے روز **BISE** پشاور سے طارق علی صاحب کو مدعو کیا گیا جنھوں نے **SLO** (سٹوڈنٹ لرننگ آؤٹ کم) اور (ای مارکنگ) کے حوالے سے کافی مفید معلومات فراہم کیں۔ یہ ایک بہت ہی جامع اور نتیجہ خیز نشست تھی جس سے اساتذہ کرام کو طلبا کو بورڈ امتحان کے لئے تیاری کروانے کے حوالے سے کافی رہنمائی حاصل ہوئی۔ تربیتی ورکشاپ کے چوتھے روز محترمہ **فاطمہ مصباح** کی حکومتی نظام اور سیاسی حالات کے حوالے سے سوجھ بوجھ پیدا کرنے کی پیش کش قابل ستائش رہی۔ آٹزم/**Autism** جو کہ آج کل بچوں میں بہت عام مسئلہ ہے اس پر محترمہ **گل سمن** نے روشنی ڈالی۔ اور **ڈاکٹر گل صنم** اساتذہ کرام کو آٹزم/**Autism** پر بنیادی معلومات فراہم کرتے ہوئے آٹزم/**Autism** کا شکار طلباء کی شناخت اور ان کے ساتھ کیے جانے والے سلوک کے بارے میں بتایا۔ تربیتی ورکشاپ کا ایک اور اہم مقصد نئے اساتذہ کرام کو کمرہ جماعت میں مختلف اسباق کی تدریس کے حوالے سے پیش آنے والی مشکلات اور تدریسی طریق کار سے آگاہ کرنا بھی تھا۔ اس مقصد کے پیش نظر اساتذہ کی تربیت کے لیے مائیکرو ٹیچنگ کا بھی اہتمام کیا گیا تاکہ سینئر اساتذہ کرام کی نگرانی میں نئے اساتذہ کرام کو پھلنے پھولنے کا موقع مل سکے۔











## کرنل محمد خان

ولادت 1910ء، وفات 1999ء



کرنل محمد خان ضلع جہلم کے ایک گاؤں چکوال میں پیدا ہوئے۔ ابتدائی تعلیم اپنے ہی گاؤں میں حاصل کی میٹرک پاس کرنے کے بعد گورنمنٹ کالج لاہور میں داخلہ لیا۔ اسی دوران میں دوسری جنگ عظیم چھڑ گئی چنانچہ 1940 میں فوج کے ملازم ہوئے۔ کچھ عرصہ وزیرستان میں مصروف کار رہے پھر مشرق وسطیٰ اور برما کے محاذوں پر رہے۔

1965ء میں رن کچھ کے محاذ پر نمایاں کارنامے انجام دیے۔ کرنل کے عہدے پر پہنچ کر ریٹائر ہو گئے۔ مستقل رہائش راولپنڈی میں اختیار کی کرنل محمد خان اردو زبان کے صاحب طرز مزاح نگار ہیں زبان و بیان پر انہیں پوری قدرت حاصل ہے۔ بجنگ آمد، بسلامت روی اور بزم آرائیاں ان کی اہم تصانیف ہیں۔ فوجی ملازمت کے دوران میں ان کے مشاہدے میں جو کچھ آیا، اسے ایک اچھے مزاح نگار کی طرح اپنے مشاہدے میں محفوظ کرتے رہے۔ بعد میں اپنے ان ہی مشاہدات کو اپنے شیریں، دلکش، شگفتہ اور سادہ انداز میں قلم بند کیا تو ان کی پہلی کتاب "بجنگ آمد" بن گئی سادگی، روانی، حقیقت نگاری جزئیات نگاری ان کی تحریر کی خاص خوبیاں ہیں۔

ماہ نور صافی ہشتم اے (ورسک روڈ کیمپس)

## کامیابی کا راز

کامیاب لوگ اپنے فیصلوں سے دنیا بدل دیتے ہیں
اور کمزور لوگ دنیا کے ڈر سے اپنے فیصلے بدل دیتے ہیں

عرائیکہ احمد (ہشتم۔پی)
ورسک روڈ کیمپس

# دی ماڈل

ستمبر 2024

PESHAWAR MODEL GIRLS HIGH SCHOOL
WARSAK ROAD CAMPUS / HAYATABAD CAMPUS
PESHAWAR MODEL SCHOOL (Boys & Girls)
G.T ROAD, CAMPUS


## ادا جعفری

ادا جعفری اردو زبان کی پہلی معروف شاعرہ تھیں۔آپ کی پیدائش 22 اگست 1924 کو بدایوں میں ہوئی۔آپ کا خاندانی نام عزیز جہاں تھا۔ آپ تین سال کی تھیں کہ والد مولوی بدرالحسن کا انتقال ہو گیا جس کے بعد پرورش ننھیال میں ہوئی۔ادا جعفری نے تیرہ برس کی عمر میں شاعری شروع کی۔وہ ادا بدایونی کے نام سے شعر کہتی تھیں۔اس وقت ادبی رسالوں میں ان کا کلام شائع ہونا شروع ہو گیا

ادا جعفری اس وقت کی وہ شاعرہ تھیں جن کا شمار بہ اعتبار طویل مشق سخن اور ریاضت فن کے صف اول کی معتبر شاعرات میں ہوتا تھا

ادا جعفری کا شعر: ”ہونٹوں پہ کبھی ان کے میرا نام ہی آئے

آئے تو سہی بر سر الزام ہی آئے“

سیدہ میمونہ (نہم۔ایس) ورسک روڈ کیمپس

---

۱) میں نے زندگی سے ایک بات سیکھی ہے کوئی بھی فیصلہ لینے سے پہلے سو بار سوچ لو جب فیصلہ لے لو اس پر ڈٹ جاؤ۔

۲) بہترین کی اُمید رکھو اور بدترین کے لیے تیار رہو

۳) جس کا بھروسہ اور یقین اللہ تعالیٰ پر ہو اس کو کوئی ہرا نہیں سکتا۔

۴) خوف خدا دیکھنا ہو تو مسلمان کا دیکھ جو روزے کی حالت میں وضو کا پانی منہ میں لے کر بھی نہیں پیتا۔

۵) ہر لذت کی انتہا بیزاری ہے۔

مریم (چہارم۔جے) جی ٹی روڈ کیمپس

## ہنسا منع ہے۔

۱) چیونگم چبانے والے کا معدہ ضرور یہ سوچتا ہوگا کہ یہ کیا کھایا جا رہا ہے جو نیچے نہیں آ رہا۔

۲) دکاندار خاتون کو کپڑے دکھا دکھا کر تھک گیا۔آخر بولا مجھے افسوس ہے آپ کو کپڑا پسند نہیں آیا۔خاتون کوئی بات نہیں میں تو ویسے بھی سبزی لینے آئی تھی۔

۳) استاد شاگرد سے جس آدمی کو سنائی نہ دے اس کو انگلش میں کیا کہیں گے؟

شاگرد: جو مرضی کہہ دو" اس کو کون سا سنائی دے گا۔

۴) چاند پر تمہارا نام لکھنے کو جی چاہتا ہے۔پر کیا کریں یہ خیال ہی دوپہر کو آتا ہے۔

شہزادی عائزہ (ششم اے) ورسک روڈ کیمپس

## خوشبو والوں کا گھر

ایک شخص رسول اللہؐ کی خدمت اقدس میں آیا اور عرض کیا یا رسول اللہؐ میں نے اپنی بیٹی کا نکاح کر دیا ہے اور اسے خاوند کے ساتھ رخصت کرنا چاہتا ہوں میرے پاس کوئی خوشبو نہیں آپؐ کچھ عنایت فرمائیں۔آپؐ نے ارشاد فرمایا، ابھی میرے پاس کچھ موجود نہیں البتہ کل صبح ایک شیشی اور کسی درخت کی لکڑی لے کر آنا اگلے دن وہ حاضر ہوا۔آپؐ نے اپنے دونوں بازوؤں سے شیشی میں اپنا پسینہ مبارک ڈالنا شروع کیا یہاں تک کہ وہ بھر گئی۔پھر فرمایا کہ اسے لے جا اور اپنی بیٹی سے بول کہ لکڑی کو اس میں تر کر کے استعمال کیا کرے، پس جب بھی وہ اس شیشی کو کھولتی تو تمام اہل مدینہ کو اس کی خوشبو پہنچتی۔ یہاں تک کہ ان کے گھر کا نام ہی خوشبو والوں کا گھر ہو گیا

علیزہ خان (ہفتم۔سی) ورسک روڈ کیمپس



## حمد

ذات حق اپنے آپ ہے موجود
کوئی اس کے سوا نہیں ہے معبود
اُس کا جوڑا نہیں مثال نہیں
اُس کو گھاٹا نہیں زوال نہیں
اُس کا سا کوئی شریک نہیں
اور کو مانیے تو ٹھیک نہیں
جانتا ہے وہ اَن کہی باتیں
دیکھتا ہے ڈھکی چھپی گھاتیں
اُونگھتا ہے نہ کبھی سوتا ہے
سب ارادے سے اُس کے ہوتا ہے
وہ قوی ہے نہ کبھی تھکتا ہے
وہ ہر اک چیز کو کر سکتا ہے
زندہ ہے زندگی کا مالک ہے
جو ہے اُس کے سوا سو ہالک ہے
کہہ سکے کون اُس کو کیسا ہے
آپ ہی جانتا ہے جیسا ہے
مردہ مٹی میں ڈالی اُس نے جان
لہلہائے ہرے بھرے میدان

اُس کی ہستی سے سب کی ہستی ہے
خلقت اس کی بسائی بستی ہے

شاعر: اسماعیل میرٹھی

فاطمہ عابد (ہفتم۔جے) جی ٹی روڈ کیمپس

## مختصر مگر دلچسپ

★ چیونگم چبانے سے ہر گھنٹے میں تقریباً گیارہ کیلریز جلتی ہیں۔

★ اگر آپ چھینک کو روکتے ہیں تو آپ کے دماغ یا گردن کی نس پھٹ سکتی ہے اور آپ مر سکتے ہیں۔

★ لال بیگ کئی ہفتوں تک زندہ رہ سکتے ہیں۔کیونکہ ان کا دماغ سر کی بجائے جسم میں ہوتا ہے ان کی موت خوراک کی کمی کی وجہ سے ہوتی ہے۔

★ ایک پاؤنڈ شہد کیلئے شہد کی مکھی کو ۲۰ لاکھ پھولوں کا دورہ کرنا پڑتا ہے۔

سارہ الیاس (ہشتم۔جے) جی ٹی روڈ کیمپس

## کیا آپ کو معلوم ہے؟

۱) بارش کے وقت پانی کے قطروں کی رفتار 20km/hr ہوتی ہے۔

۲) اس دنیا کا سب سے مہنگا ترین زہر ۵ ارب 85 کروڑ کا ہے۔یہ زہر ایک بچھو Deathstalke کا ہے جس کے زہر کو کینسر، شوگر اور برین ٹیومر جیسی خطرناک بیماریوں کے علاج کے لیے استعمال کیا جاتا ہے۔

۳) دنیا کا سب سے تیز ترین جانور چیتا نہیں ہے۔بلکہ دنیا کا سب سے تیز ترین جانور ایک پرندہ Peregrine Falcon ہے۔جو کہ اپنے شکار پر جھپٹنے کے لیے 386 کلومیٹر پر گھنٹہ کی رفتار کو حاصل کر لیتا ہے۔

۴) دنیا کی سب سے بڑی سڑک کا نام Pan American Highway ہے۔جس کی لمبائی 30,000 کلومیٹر یا 19,000 میل ہے۔یہ شروع ہوتی ہے North America کی امریکی ریاست الاسکا سے سے اور دوسرے براعظم یعنی South America کے ارجنٹینا ملک کے جنوبی سرے تک جاتی ہے۔

ماہین عاصم (ہشتم۔بی) ورسک روڈ کیمپس

## اللہ کو بتایا کریں



اپنے دن کی ہر کیفیت اُسے بتایا کریں کہ؟ آپ کیا محسوس کر رہے ہیں، کتنی تکلیف میں ہیں۔آپ یقین کریں وہ بہت پیار سے سنے گا اس کے سامنے رو لینے سے ہی آپ کے دل میں سکون اترے گا۔بے شک وہ دلوں کا ہمراز ہے!


### نماز

نماز کی تو وہ شان ہے جو روک دیتی ہے طواف کعبہ کو تو تیرے کاروبار کی کیا اوقات ہے جس کے لیے تو چھوڑ دیتا ہے نماز کو۔

### نیت

بہترین لوگ بہترین نیت رکھتے ہیں جس کی وجہ سے اللہ تعالیٰ ان کے تمام کاموں کو سنوار دیتا ہے اور جس کام کو رب سنوار دے اسے کوئی بندہ کیسے بگاڑ سکتا ہے۔

خدیجہ خان (ہفتم۔ایس) ورسک روڈ کیمپس



## کلام اقبال بنام نوجوان

۱) غلامی میں نہ کام آتی ہیں شمشیریں نہ تدبیریں
جو ہو ذوق یقین پیدا تو کٹ جاتی ہیں زنجیریں

۲) عقابی روح جب بیدار ہوتی ہے جوانوں میں
نظر آتی ہے ان کو اپنی منزل آسمانوں میں

۳) تیرے علم و محبت کی نہیں ہے انتہا کوئی
نہیں ہے تجھ سے بڑھ کر ساز فطرت میں نوا کوئی

۴) نہیں تیرا نشیمن قصرِ سلطانی کے گنبد پر
تو شاہیں ہے بسیرا کر پہاڑوں کی چٹانوں میں


عمائمہ شاہد (ہشتم۔جی) ورسک روڈ کیمپس

## ایک واقعہ (استغفار کی اہمیت)


امام حنبلؒ فرماتے ہیں کہ ایک دفعہ مجھے عراق کے کسی گاؤں میں رات ہو گئی۔میں ایک مسجد میں گیا لیکن چوکیدار نے مجھے وہاں سے نکال دیا میں مسجد سے باہر فرش پر سو گیا۔چوکیدار نے مجھے پاؤں سے پکڑا اور گھسیٹ کر مسجد سے دور کر دیا۔ایک خدا ترس آدمی مجھے اپنے گھر لے گیا وہ شخص چلتے پھرتے، اٹھتے بیٹھتے ہر وقت استغفار پڑھتا تھا۔ صبح ہوئی تو میں نے اس شخص سے پوچھا کہ کیا آپ کو استغفار پڑھنے کا کوئی فائدہ بھی ہوا؟ اس نے جواب دیا۔"جی ہاں۔میری ہر دعا قبول ہوئی سوائے اس کے کہ میری ملاقات امام احمد بن حنبلؒ سے ہو جائے"میں نے کہا" میں ہی ہوں احمد بن حنبلؒ اور تم دیکھو کہ مجھے کیسے گھسیٹ کر تمہارے پاس لایا گیا ہے“

راحمین فاروق پنجم (سی) ورسک روڈ کیمپس


## فن پارے



سیدہ ردا (چہارم۔پی) ورسک روڈ کیمپس



ردا اشتیاق (ہفتم۔سی) ورسک روڈ کیمپس




محمد سہیل (چہارم۔جے) جی ٹی روڈ کیمپس



عفاف حبیب (نہم۔زیڈ) ورسک روڈ کیمپس




دعا نور (ششم۔جے) جی ٹی روڈ کیمپس



سُنینا (ہفتم۔ایچ) حیات آباد کیمپس



رافعہ (پنجم۔آر) حیات آباد کیمپس



وریشہ آفتاب (ہفتم۔سی) ورسک روڈ کیمپس



عروہ دیار (سوم۔زیڈ) ورسک روڈ کیمپس


”دی ماڈل“ کے تمام مضامین بچوں کی دلچسپی کیلئے اور نیک نیتی کے جذبے سے شائع کیے جاتے ہیں۔ادارے کا اِس سے متفق ہونا ضروری نہیں۔